الحمد للہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افضل الخلق وسید المرسلین ہونے
کی دس آیتوں اور سو بلکہ سوا سو سے زیادہ احادیث سے تحقیق میں یہ
بے مثل رسالہ بے نظیر عجالہ مسمی بنام تاریخی

تجلی الیقین
بان نبینا سید المرسلین

۱۳۰۵ھ

تصنیف لطیف امام المحققین تاج المدققین اعلیحضرت پیشوائے اہلسنت مجدد مائۃ
حاضرہ مؤید ملت طاہرہ جناب مولانا مولوی احمد رضا خاں صاحب قدس سرہ

ناشر:

مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائل پور

سلسلہ نمبر ۶۰۵

صفحات تجلی الیقین ——— ۱۱۲

صفحات تمہید ایمان ——— ۴۴

کل صفحات ——— ۱۵۶

کتابت ——— صابر لائلپوری

مطبع ——— دین محمدی پریس لاہور

ناشر ——— مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائلپور

تعداد ——— ایک ہزار

طباعت ——— ۱۳۸۹ھ

قیمت قسم اول مجلد ۴/۰۰ روپے

قیمت قسم اول غیر مجلد ۳/۲۵ روپے

قیمت قسم دوم غیر مجلد ۲/۷۵ روپے

فون: ۴۰۵۶

مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائلپور

بغدادی مسجد

پہلے کافروں پر اس کے وسیلہ سے فتح چاہتے۔ پھر جب وہ جانا پہچانا ان کے پاس تشریف لایا منکر ہو بیٹھے۔ تو خدا کی پھٹکار منکروں پر علما فرماتے ہیں۔ جب یہود مشرکوں سے لڑتے دعا کرتے اللھم انصرنا علیھم بالنبی المبعوث فی اخر الزمان الذی نجد صفتہ فی التورٰتہ الٰہی ہمیں مدد دے اُن پر صدقہ اس نبی آخر الزمان کا جس کی نعت ہم توریت میں پاتے ہیں۔ اس دُعا کی برکت سے انہیں فتح دی جاتی۔ اسی پیمان الٰہی کا سبب ہے کہ حدیث میں آیا حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا والذی نفسی بیدہ لو ان موسٰی کان حیا الیوم ما وسعہ الا ان یتبعنی قسم اُس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آج اگر موسیٰ دُنیا میں ہوتے میری پیروی کے سوا ان کو کچھ گنجائش نہ ہوتی۔ اخرجہ الامام احمد والدارمی والبیھقی فی شعب الایمان عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنھما وابو نعیم فی دلائل النبوۃ واللفظ لہ عن امیر المومنین عمر الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور یہی باعث ہے کہ جب آخر الزمان میں حضرت سیدنا عیسٰے علیہ الصلوٰۃ والسلام نزول فرمائینگے باآنکہ بدستور منصب رفیع نبوت ورسالت پر ہونگے۔ حضور پُر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اُمتی بن کر رہیں گے، حضور ہی کی شریعت پر عمل کریں گے۔ حضور کے ایک اُمتی دنائب یعنی امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم۔ کیسا حال ہوگا تمہارا جب ابن مریم تم میں اُتریں گے اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔ اخرجہ الشیخان عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اس عہد واثق کی پوری تائید و توکید حق عزجلالہ نے توریت مقدس میں فرمائی۔ جس کی بعض آئتیں انشاء اللہ تعالیٰ تابش اول ہیکل دوم میں مذکور ہوں گی۔ امام علامہ تقی الملۃ والدین ابو الحسن علی بن عبد الکافی سُبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایک نفیس رسالہ التعظیم والمنہ